PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

یقینی بنانا کہ ہر طالب علم ایک ماہر کُتب بین بن جائے۔

نیویارک کے عزیزی مکین:

مطالعہ کرنا سیکھنا ایک بچے کی تعلیم میں سب سے اہم سنگِ میل ہے، لیکن پھر بھی بہت سے طلبا پیچھے رہ گئے ہیں اور انہیں اس بنیادی صلاحیت کو فروغ دینے کے لیے درکار مدد موصول نہیں ہوئی۔ ہم اس رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے محنت سے کام کر رہے ہیں .... اور صحیح طور سے مطالعہ کرنا سیکھنے میں کوئی بھی رکاوٹ۔

اس تعلیمی سال میں، ہم نے پانچوں بروز کے کلاس رومز میں ایک خواندگی آغازِ کار شروع کیا تھا۔ یہ اپنی نوعیت کا واحد، خواندگی کی مسابقتوں سے نمٹنے کے لیے ایک جامع طریقِ کار ان طلبا کی نشاندہی کرنے کے لیے تخلیق کیا گیا ہے جو خطرے میں ہیں اور انہیں کامیاب ہونے کے لیے درکار اہدافی مداخلتیں فراہم کرتا ہے۔

اور 9 فروری کو، اسمبلی ممبر Robert Carroll اور میں نے ڈسلیکسیا اور زبان پر مبنی سیکھنے کی معذوریوں کے حامل طلبا کے لیے ایک متخصص پروگرامنگ میں $100,000 کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔

اس سرمائے کے ساتھ، بروکلن کے کمیونٹی اسکول ضلع 15 میں PS 107 اور PS 295 ہمارے اختراعی منظم خواندگی اسکول آغازِ کار میں شامل ہونگے۔ ان اسکولوں میں معلمین ثبوت پر مبنی مطالعہ کی تدریس کی عمیق تربیت موصول کریں گے، اور ساتھ ہی اضافی ماہر عملے تک رسائی جو خود استادہ کلاسوں میں ان طلبا کو اہدافی، چھوٹے گروپ میں تدریس فراہم کریں گے جو ڈسلیکسیا کے خطرے سے دوچار ہیں یا انکی تشخیص ہوئی ہے۔

ہماری ابتدائی کامیابیوں پر تعمیر کرتے ہوئے اور ہمارے متخصص تدریسی آغازِ کار کی پیمائش کرتے ہوئے ہمارے اسکول طلبا کو روشن آغاز فراہم کررہے ہیں .... اور انکو تابناک مستبل کے لیے مستعد کررہے ہیں— بطور ایک کامیاب کُتب بین اور پُراعتماد متعلمین۔

مائل به پرواز،
David C. Banks
اسکولز چانسلر

وڈیوز

اس ہفتے، ہم PS+You میں مختصر وڈیو کا اضافہ کرنے میں پُرجوش ہیں—انسٹاگرام ریلز چانسلر Banks کی جانب سے اور ہفتہ وار وڈیو مئیر Eric Adams کی جانب سے۔ اگر آپ براہِ راست میئر کے دفتر سے جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہ مہربانی یہاں کلک کریں۔

اس وڈیو کے ترجمے یو ٹیوب میں بذریعہ خودکار ترجمہ دستیاب ہیں۔

اگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، براہِ مہربانی ن سبسکرائب کریں۔